Pr Fragmin®
dalteparin sodium

# انجیکشن کا طریقہ کار

## پریفِلڈ حفاظتی سرنج کا استعمال کرکے اپنے آپ کو FRAGMIN انجیکشن دینے کا طریقہ

**اپنی اُنگلیوں کی مدد سے بلسٹر پیکیجنگ سے سرنج نکالنے کی کوشش نہ کریں۔**
استعمال کے درست طریقہ کو جاننے کے لیے مرحلہ 1 سے 3 تک دکھائے گیے طریقہ کے مطابق ہدایات پر عمل کریں ،ورنہ سوئی کا حفاظتی میکانیزم حرکت میں آسکتا ہے ،جس کے نتیجہ میں سرنج ناقابل استعمال ہو سکتا ہے۔

### مرحلہ 1
بلسٹر پیکیجنگ سے کاغذی لفافے کو مکمل طور پرنکالیں۔



### مرحلہ 2
پیکیجنگ کو گھمائیں تاکہ کھلا ہوا کنارہ نیچے کے رخ پر ہموار سطح جیسے میز سے تین تا پانچ سنٹی میٹر اوپر ہو۔



### مرحلہ 3
سرنج کو نکالنے کے لیے، بلسٹر پیکیجنگ کے کناروں کو اس کے درمیانی حصّہ سے کھینچیں تاکہ بلسٹر کاخانہ پھیل جائے۔ اس کے نتیجہ میں سرنج بلسٹر سے باہر آجائے گا۔




### مرحلہ 4
اپنے ہاتھوں کو دھوئیں۔



### مرحلہ 5
انجیکشن کی جگہ منتخب کریں۔

انجیکشن لگوانے کی ترجیحی جگہ شکم کا نچلا حصہ ہے۔ FRAGMIN کو جانگھ کی بغل میں بھی لگایا جا سکتا ہے، بشرطیکہ یہ احتیاط برتی جائے کہ انجیکشن کو عضلہ کی نسیج میں لگایا جائے۔ اس کے بعد والے ہر انجیکشن کے لیے شکم یا ران پر ایک مختلف جگہ منتخب کی کریں، **جیسا کہ تصویر میں بتایا گیا ہے۔**




### مرحلہ 6
اس جگہ کو صاف کریں۔

انجیکشن کے لیے منتخب کردہ حصہ کو الکحل کے پھاہے سے پونچھیں اور اس کو خشک ہوجانے دیں۔



### مرحلہ 7
سرنج کا درمیانی حصہ پکڑ کر اسے اُٹھائیں اور FRAGMIN کی خوراک کا انجیکشن دینے کے لیے تیار کریں۔

**استعمال کے دوران کسی بھی وقت سوئی کے حفاظتی ایکٹیویشن کِلپس کو نہ چھوئیں۔ اس سے سوئی کا حفاظتی میکانیزم حرکت میں آ سکتا ہے ،جس کی وجہ سے انجیکشن دیے جانے سے پہلے ہی سوئی واپس نکل (باہر کھنچ) سکتی ہے۔ اس کی وجہ سے سرنج ناقابل استعمال ہو جائے گا۔**



### مرحلہ 8
سوئی کے خول کو نکالیں۔

براہِ کرم اس بات کو نوٹ کریں کہ سوئی کے خول کو نکالنے کے لیے مضبوطی کے ساتھ کھینچنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ پوری خوراک جسم کے اندر جانے کو یقینی بنانے کے لیے، **انجیکشن دیے جانے سے قبل، پریفیلڈ سرنج سے ہوا کے کسی چھوٹے بلبلوں کو خارج نہ کریں۔**



جاری ہے ←

## مرحلہ 9
### جلد کی ایک تہہ کو چٹکی میں پکڑیں۔



سوئی کو انگوٹھے اورشہادت کی اُنگلی کے ذریعہ بنائی ہوئی جلد کی تہہ کے اندر داخل کیا جائے۔ **انجیکشن کے عمل کے دوران جلد کی اس تہہ کو برقرار رکھا جائے۔**

## مرحلہ 10
### FRAGMIN دیں۔



اپنےغالب طور پر مستعمل ہاتھ کو استعمال کرتے ہوئے سرنج کو انگوٹھے اور درمیانی انگلی کے بیچ پینسل کی طرح پکڑیں۔ سوئی کو عمودی طور پر جلد کی تہہ میں ممکنہ حد تک گہرائی میں داخل کریں۔ سوئی کو داخل کرنے کے بعد اس کو حرکت نہیں دینا چاہیے۔
**اگرآپ خود کوانجیکشن دے رہیں تو،** شہادت کی انگلی کا استعمال کرتے ہوئے سرنج کے پلنجر (متحرک حصہ) **کودبائیں؛ اگر آپ کسی اور کو انجیکشن دے رہے ہیں تو،** پلنجر کو دبانے کے لیے انگوٹھے کو استعمال کریں۔

## مرحلہ 11
### سوئی کو نکالیں اور سوئی کے گارڈ کو فعال کریں۔



سرنج کے اندرموجود پورا مواد انجیکشن کے ذریعہ داخل کیے جانے کے بعد، **جلد کی تہہ کو بحال رکھتے ہوئے اور پلنجر کو نیچے کی طرف دبائے رکھ کر سوئی کونکالیں، اس کے بعد جلد کو چھوڑ دیں۔**

پوری سوئی کے محفوظ ہونے تک ،پلنجر کو چھوڑ دیں اور سرنج کو آلہ کے اندر اوپر کی جانب حرکت کرنے دیں۔ **جب تک دوا کی پوری خوراک جسم کے اندر داخل نہ ہو جائے تب تک کا گارڈ فعال نہیں ہوگا۔**

## مرحلہ 12
### FRAGMIN دیے جانے کے بعد۔



روئی کے گولے کو انجیکشن کی جگہ پر 5 تا 10 سکینڈز یا اس سے زیادہ دیر تک دبائے رکھیں۔ خراش سے بچنے کے لیے انجیکشن کی جگہ پر رگڑیں نہیں۔

استعمال شدہ سرنج کو ایک منظورہ شدہ کنٹینر میں ضائع کریں۔ یقینی بنائیں کہ اسے بچوں کی پہنچ سے دور رکھا گیا ہے۔

FRAGMIN کوسرجری کی انجام دہی کے بعد خون کے انجماد (خون بستگی) کو روکنے کے لیے، رگوں کی گہرائی میں خون کے چکتوں کی شدید تشکیل کے علاج کے لیے، کینسر کے مریضوں میں خون کے چکتوں کی تشکیل کے اعادہ کو روکنے کے لیے اور ناپائیدار اکلیلی عروقی بیماری کا علاج کرنے کےلیے، شدید بیماریوں میں حرکت محدود ہونے کے دوران، خطرہ کی زد والے مریضوں میں خون کے چکتوں کی تشکیل کو روکنے کے لیے، اورگردے کی شدید خرابی یا گردے کی کرانک بیماری کے سلسلے میں خون کے ڈائلیسس اورعمل تقطیر کے آلات میں خون میں چکتوں کی تشکیل کو روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

**آپ کو اپنے ڈاکٹر یا نرس کی ہدایات پر پوری احتیاط کے ساتھ عمل کرنا ضروری ہے۔ اپنے ڈاکٹر کے ذریعہ صراحت کردہ پوری مقررہ مدّت تک کے لیے تجویز کردہ انجیکشن اپنے آپ کو لگائیں۔**

**ربر کی نڈل کی شیلڈ میں لیٹکس ہو سکتا ہے۔ اپنے ڈاکٹر یا دوا فروش سے بات کریں اگر آپ کو لیٹکس (قدرتی ربر) کے تئیں پہلے بیش حساسیت رہ چکی ہو یا ابھی لاحق ہو۔**

**FRAGMIN لینے کی مدت کے دوران، اپنے ڈاکٹر کے ذریعہ تجویز کردہ داؤں کے علاوہ کوئی اور دوا نہ لیں۔** چونکہ چند مخصوص دوائیں، FRAGMIN کے انجماد مخالف اثرات (مثلاً خون کے پتلا ہونے کا اثر) میں شدت پیدا کر سکتے ہیں، آپ کے لیے یہ بات اہم ہے کہ آپ جو کوئی دوائیں لے رہے ہیں ان کے متعلق اپنے ڈاکٹر کوبتائیں۔

**FRAGMIN کو جلد کی سطح کے نیچے (زیر جلد طور پر) ایک انجیکشن کے طور پر دیا جاتا ہے، اور اس کو درونِ عضلاتی طور پر نہیں دینا چاہیے۔**

اگرآپ کوانجیکشن کی جگہ کے اطراف رنگت کی شدید بدنمائی، درد، یا خراش؛ یا کسی ظاہری وجہ کے بغیر خراش؛ نکسیر ( ناک سے خون بہنا)، منہ، مسوڑھوں، شکم، مقعد یا اندام نہانی سے جریان خون؛ انجیکشن کی جگہ پر یا سرجری والی جگہ سے جریان خون؛ الرجی زا ردعمل، پیشاب میں خون کا سامنا ہو یا اگر آپ کو فالج ( دماغ کے اندر جریان خون) کا سامنا ہو تو، **FRAGMIN لینا روک دیں اور اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔** FRAGMIN لینے کے دوران، کسی بھی غیر متوقع اثرات کے لیے، فوری طور پر اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے رابطہ کریں۔

اپنے پریفِلڈ سرنجوں کو کمرے کی درجہ حرارت (15 تا 30 ڈگری سیلسیئس ) پر رکھیں۔

دوا دینے اورحفاظت سے متعلق مکمل معلومات کے لیے ،براہِ کرم مصنوع کے پیکیج کے اندر موجود گاہک کے معلوماتی پرچہ سے رجوع کریں۔

**انگریزی اور فرانسیسی میں دستیاب دیگر معاون فریگمین (Fragmin) وسائل کی تلاش کے لۓ Fragmin.ca ملاحظہ فرمائیں**

**ویب سائٹ میں داخل ہونے کے لۓ اس نمبر کا استعمال کریں: 02430789**

Pr Fragmin® dalteparin sodium

Member of Innovative Medicines Canada

FRAGMIN ® Pfizer Health AB, owner/ Pfizer Canada ULC, Licensee
© 2022 Pfizer Canada ULC, Kirkland, Quebec H9J 2M5

PP-FRA-CAN-0267-UR

Pfizer